Synopsis for Ph.D. in Urdu

Title

منور رانا: حیات وخدمات

(شاعری کے حوالے سے)

Munawwar Rana : Hayat - O- Khidmat

(Shayari Ke Hawale Se)

Name of the Research Scholar

Khursheed Alam Ansari

Mobile No. 9580981236

Roll No. 05

Enrolment No. E2220002

University Department of Urdu

Lalit Narayan Mithila University, Darbhanga

Bihar

Synopsis For Ph.D.Degree in Urdu

(Faculty of Humanities)

L.N.M.U.Kameswarnagar,Darbhanga, Bihar

Name of the Research Scholar: - **Khursheed Alam Ansari**

Name of the Supervisor :-**Dr.Abdur Rafey**

Introduction of Topic

موضوع کا تعارف

اردو شعر و ادب کی دنیا میں منور رانا (1952-2024) ایک معتبر اور مقبول شخصیت کے حامل شاعر ہیں۔ان کی پیدائش اتر پردیش کے رائے بریلی میں ۱۹۵۲ء میں ہوئی۔ان کے والد کا نام سید انور علی اور والدہ کا نام عائشہ ہے جن سے وہ بے پناہ محبت کرتے تھے۔ماں کے موضوع پر ان کے کلام کو اردو دنیا میں غیر معمولی شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی۔ان کے اشعار میں رشتوں کا حسن ملتا ہے۔وہ ٹوٹے بکھرے رشتوں کو جوڑتے ہیں۔انہوں نے صارفیت کے اس عہد میں انسانی رشتوں کی قدر و قیمت پر زور دیا ہے۔انہوں نے محنت کشوں کے پسینے کو اپنے قلم کی روشنائی بنائی۔

اردو شاعری کو عشق و عاشقی کے قصیدے سے تعبیر کیا جاتا ہے۔لیکن منور رانا نے مروجہ روایت سے الگ ہٹ کر خود کے لئے نئی راہ بنائی۔ماں کی محبت،بہن کی الفت،معاشرے میں پھیلی نظریاتی تقسیم،سماجی ناہمواری اور اقتدار سے محرومیوں کا درد،اہل سیاست کی ضمیر فروشی اور منافقت،تقسیم وطن کے کرب جیسے موضوعات کو انہوں نے اپنے منفرد لب و لہجے سے جاودانی عطا کی،جس کی وجہ سے انہیں اردو شاعری میں ایک آفاقی پہچان حاصل ہوئی.

منور رانا کی اصل شہرت غزل گوئی ہے لیکن وہ نظم و نثر دونوں پر یکساں قدرت رکھتے ہیں،جس طرح شاعری میں ان کی فنکارانہ مہارت،زبان و بیان پر کامل قدرت،قوافی و ردیف کی چستی اور مضامین کا تنوع دیکھنے کو ملتے ہیں،اسی طرح ان کی نثر میں بھی ان کا منفرد انداز و بیان،لہجہ و اسلوب میں ان کی ندرت،شگفتگی و شائستگی اور الفاظ کی تراکیب کی چستی دیکھنے کو ملتی ہے۔

شعری و نثری اصناف میں "بغیر نقشے کا مکان،کہو ظل الٰہی سے،مہاجر نامہ،ماں،سخن سرائے،غزل گاؤں،مور پاؤں،پیپل چھاؤں،نیم کے پھول،چہرے یاد رہتے ہیں،پھنک تال،ڈھلان سے اترتے ہوئے،شہدابہ،گھر اکیلا ہو گیا،میر آ کے لوٹ گیا،جنگلی پھول،بدن سرائے اور سفید جنگلی کبوتر" وغیرہ بطور خاص قابل ذکر ہیں۔"شہدابہ" پر ان کو 2014ء میں ساہتیہ اکادمی ایوارڈ سے نوازا گیا۔

Objective of Reserch

اغراض و مقاصد

میری تحقیق کے مندرجہ ذیل اغراض و مقاصد ہوں گے۔

(۱) منور رانا کی شخصیت اور فن کا مختصر جائزہ۔

15/04/24

15/04/2

(۲) منور رانا کے عہد کی شعری صورت حال۔

(۳) منور رانا کی غزلوں کا فنی وفکری جائزہ۔

(۴) منور رانا کی نظموں کا فنی وفکری مطالعہ۔

(۵) منور رانا کے چند اہم معاصرین کی شاعری کا تجزیاتی مطالعہ۔

Research Coverage

تحقیق کے حدود

اس مقالہ میں اردو کے نامور ادیب وشاعر منور رانا کی سوانح اور شخصیت کا تعارف پیش کرتے ہوئے ان کی غزل اور نظم کے حوالے سے ادبی خدمات کا بنیادی ماخذ کے ذریعے جائزہ لیا جائے گا۔ ثانوی ماخذ کا مطالعہ کرنے کے بعد ضروری حوالوں سے مقالے کو معیاری بنایا جائے گا۔

تحقیقی کام سے اردو زبان وادب میں اضافہ

Contribution of research work to the discipline of urdu languege & literature

اس مقالے کے ذریعے منور رانا کے حالات زندگی سے ان کی شخصیت عیاں ہوگی۔ منور رانا کے ذریعے غزل میں انسانی رشتوں کے تقدس اور ماں کو غزل کا محبوب بنا کر پیش کیا گیا ہے جس سے اردو شاعری میں نئے رجحان کو فروغ حاصل ہوا ہے۔ اسی طرح نظم میں موضوعات کا تنوع اور غزل کے پیرائے میں نظم کہنا ان کا وصف ہے۔ اس تحقیقی مقالے کے ذریعے اردو کے قاری کو ان کی شاعری کو سمجھنے کا موقع ملے گا۔ اسی طرح سادہ اور سلیس زبان میں پیش کردہ شاعری کا تجزیاتی مطالعہ قارئین ادب کے لئے دلچسپی کا باعث ہوگا۔ اس مقالے کے ذریعے معاصرین کے درمیان ان کا مقام ومرتبہ کا تعین کیا جائے گا۔

Existing Research in This Area

مجوزہ موضوع پر موجودہ تحقیق

میری تلاش وجستجو اور معلومات کے مطابق منور رانا کے حوالے سے صرف ایک تحقیقی کام یونیورسٹی آف جموں میں ”منور رانا کی شاعری کا تنقیدی مطالعہ“ کے عنوان سے ہوا ہے جو ان کی مجموعی خدمات کا احاطہ نہیں کرتا لیکن میرا مقالہ ان کی مجموعی خدمات کا احاطہ کرے گا۔ اس کے علاوہ منور رانا کی شاعری کے اچھوتے پہلوؤں کو بنیادی اور ثانوی ماخذ کے ذریعے نمایاں کیا جائے گا۔

مواد کی فراہمی

مواد کی تکمیل کے لئے درج ذیل وسائل سے مواد حاصل کیا جائے گا۔

(۱) ہندوستان کے مختلف مرکزی وصوبائی جامعات کے کتب خانوں سے بنیادی اور ثانوی مواد حاصل کئے جائیں گے۔

(۲) مختلف رسائل وجرائد سے بھی مواد کی فراہمی کی جائے گی۔

(۳) انٹرنیٹ سے بھی حتی الامکان مدد لی جائے گی۔

(۴) ماہرین، ناقدین اور محققین سے بالمشافہ گفتگو وانٹرویو سے بھی مواد حاصل کیا جائے گا۔

(۵) منور رانا کے معاصرین اور ان کے خویش واقارب سے ملاقات وگفتگو کے ذریعے بھی مواد حاصل کیا جائے گا۔

Arbaeen 15/04/24

Amgori 15/04/2024

(۲) منور رانا کے عہد کی شعری صورت حال۔

(۳) منور رانا کی غزلوں کا فنی وفکری جائزہ۔

(۴) منور رانا کی نظموں کا فنی وفکری مطالعہ۔

(۵) منور رانا کے چند اہم معاصرین کی شاعری کا تجزیاتی مطالعہ۔

Research Coverage
تحقیق کے حدود

اس مقالہ میں اردو کے نامور ادیب وشاعر منور رانا کی سوانح اور شخصیت کا تعارف پیش کرتے ہوئے ان کی غزل اور نظم کے حوالے سے ادبی خدمات کا بنیادی ماٰخذ کے ذریعے جائزہ لیا جائے گا۔ ثانوی ماٰخذ کا مطالعہ کرنے کے بعد ضروری حوالوں سے مقالے کو معیاری بنایا جائے گا۔

تحقیقی کام سے اردو زبان وادب میں اضافہ

Contribution of research work to the discipline of urdu languege & literature

اس مقالے کے ذریعے منور رانا کے حالات زندگی سے ان کی شخصیت عیاں ہوگی۔ منور رانا کے ذریعے غزل میں انسانی رشتوں کے تقدس اور ماں کو غزل کا محبوب بنا کر پیش کیا گیا ہے جس سے اردو شاعری میں نئے رجحان کو فروغ حاصل ہوا ہے۔ اسی طرح نظم میں موضوعات کا تنوع اور غزل کے پیرائے میں نظم کہنا ان کا وصف ہے۔ اس تحقیقی مقالے کے ذریعے اردو کے قاری کو ان کی شاعری کو سمجھنے کا موقع ملے گا۔ اسی طرح سادہ اور سلیس زبان میں پیش کردہ شاعری کا تجزیاتی مطالعہ قارئین ادب کے لئے دلچسپی کا باعث ہوگا۔ اس مقالے کے ذریعے معاصرین کے درمیان ان کا مقام ومرتبہ کا تعین کیا جائے گا۔

Existing Research in This Area
مجوزہ موضوع پر موجودہ تحقیق

میری تلاش وجستجو اور معلومات کے مطابق منور رانا کے حوالے سے صرف ایک تحقیقی کام یونیورسٹی آف جموں میں ''منور رانا کی شاعری کا تنقیدی مطالعہ'' کے عنوان سے ہوا ہے جو ان کی مجموعی خدمات کا احاطہ نہیں کرتا لیکن میرا مقالہ ان کی مجموعی خدمات کا احاطہ کرے گا۔ اس کے علاوہ منور رانا کی شاعری کے اچھوتے پہلوؤں کو بنیادی اور ثانوی ماٰخذ کے ذریعے نمایاں کیا جائے گا۔

مواد کی فراہمی

مواد کی تکمیل کے لئے درج ذیل وسائل سے مواد حاصل کیا جائے گا۔

(۱) ہندوستان کے مختلف مرکزی وصوبائی جامعات کے کتب خانوں سے بنیادی اور ثانوی مواد حاصل کئے جائیں گے۔

(۲) مختلف رسائل وجرائد سے بھی مواد کی فراہمی کی جائے گی۔

(۳) انٹرنیٹ سے بھی حتی الامکان مدد لی جائے گی۔

(۴) ماہرین، ناقدین اور محققین سے بالمشافہ گفتگو وانٹرویو سے بھی مواد حاصل کیا جائے گا۔

(۵) منور رانا کے معاصرین اور ان کے خویش واقارب سے ملاقات وگفتگو کے ذریعے بھی مواد حاصل کیا جائے گا۔

Arbab
15/04/24

Ansari
15/04/2024

Research Methodology — طریق کار/ طریقہ تحقیق/تکنیک

اس مقالہ میں تحقیق کے اصول وضوابط کی روشنی میں سائنٹفک طریقہ کار اور معروضی انداز اپناتے ہوئے منور رانا کی شخصیت وفن اور غزل ونظم کے حوالے سے تفصیلی اور مکمل تحقیقی گفتگو کی جائے گی۔فن، اسلوب اور موضوعاتی مباحث کو بنیادی وخصوصی اہمیت دی جائے گی۔مقالے کی تیاری میں ان تمام وسائل کو استعمال کرنے کی کوشش کی جائے گی جس سے مقالے کو بہتر سے بہتر شکل میں پیش کیا جا سکے۔مقالے میں متن کے مطالعے بنیادی ماخذ کے طور پر شعری ونثری تحریروں کو استعمال کیا جائے گا۔ثانوی ماخذ میں غزل ونظم کے حوالے سے لکھی گئی اہم کتابیں نیز رسائل وجرائد میں ان کی غزل گوئی ،نظم نگاری اور ادبی نگارشات سے متعلق شائع مضامین شامل ہوں گے۔علاوہ ازیں اساتذہ وماہرین وغیرہ سے رابطہ کر کے ان کی غزلوں اور نظموں کے فن ،موضوع واسلوب کو سمجھنے کی کوشش کی جائے گی۔ان کے معاصرین کو شامل کر کے مقالے کو معیاری بنایا جائے گا۔اس موضوع کو جس طریقہ ہائے کار سے زیر بحث لایا جائے گا وہ درج ذیل ہیں۔

تحقیقی طریقہ کار

تنقیدی طریقہ کار

معروضی طریقہ کار

تجزیاتی طریقہ کار

موضوعاتی طریقہ کار

اسلوبیاتی طریقہ کار

حاصل مطالعہ

حاصل مطالعہ کے تحت مقالہ میں بحث وتمحیص کے بعد جملہ نتائج کو پیش کیا جائے گا۔منور رانا کی غزل گوئی اور نظم نگاری کا فن، موضوعات اور اسلوب کی سطح پر ہونے والے نت نئے تجربات اور ان سے حاصل شدہ مثبت ومنفی نتائج کو پیش کرتے ہوئے ان کی اہمیت وافادیت اور امتیازات کو واضح کیا جائے گا۔

Anwar... 18/04/24

Mangesh... 15/04/2024

Work Design of the Proposed Work	**مجوزہ ابواب بندی**
Introduction	ابتدائیہ
Chapter I- Munawwar Rana : Shakhsiyat-o-Fun	باب اول : منوررانا: شخصیت وفن
Chapter II-Munawwar Rana ke Ahd mein Sheri Surat -e-Hal	باب دوم : منوررانا کے عہد میں شعری صورت حال
Chapter III-Munawwar Rana ki Ghazal Goi	باب سوم : منوررانا کی غزل گوئی
Chapter IV-Munawwar Rana ki Nazm Nigari	باب چہارم : منوررانا کی نظم نگاری
Chapter V-Munawwar Rana ke Chand Aham moasereen	باب پنجم : منوررانا کے چند اہم معاصرین
Conclusion	حاصل مطالعہ
Bibliography	کتابیات

دستخط نگراں

Signature of the Supervisor

دستخط تحقیق کار

Signature of the Researcher

Date 15/04/24

H.O.D. Dept. of Urdu
صدر شعبہ اردو
ملت کالج، دربھنگہ
Millat College, Darbhanga

بنیادی ماخذ:

نمبر شمار	مصنف	کتاب کا نام	ناشر	مقام اشاعت	سن اشاعت
۱	منور رانا	کہو ظل الٰہی سے	پہچان پبلیکیشنز	الٰہ آباد	2001ء
۲	منور رانا	سخن سرائے	مکتبہ الفہیم، مئوناتھ بھنجن	یوپی	2012ء
۳	منور رانا	شہدابہ	ایضاً	ایضاً	2013ء
۴	منور رانا	میر آ کے لوٹ گیا	ایضاً	ایضاً	2013ء
۵	منور رانا	جنگلی پھول	ایضاً	ایضاً	2013ء
۶	منور رانا	بدن سرائے	ایضاً	ایضاً	2013ء
۷	منور رانا	مہاجر نامہ	ایضاً	ایضاً	2013ء
۸	منور رانا	بغیر نقشے کا مکان	ایضاً	ایضاً	2013ء
۹	منور رانا	سفید جنگلی کبوتر	ایضاً	ایضاً	2014ء
۱۰	منور رانا	ڈھلان سے اترتے ہوئے	ایضاً	ایضاً	2014ء
۱۱	منور رانا	چہرے یاد رہتے ہیں	ایضاً	ایضاً	2014ء
۱۲	منور رانا	نیم کے پھول	ایضاً	ایضاً	2014ء
۱۳	منور رانا	مور پاؤں	ایضاً	ایضاً	2014ء
۱۴	منور رانا	ماں	ایم آر پبلی کیشنز	دہلی	2015ء
۱۵	منور رانا	غزل گاؤں	ایضاً	ایضاً	2015ء
۱۶	منور رانا	پیپل چھاؤں	ایضاً	ایضاً	2015ء
۱۷	منور رانا	پھنک تال	ایضاً	ایضاً	2015ء
۱۸	منور رانا	گھر اکیلا ہو گے	ایضاً	ایضاً	2015ء

Aangoori

15/04/2024

ثانوی ماخذ:

نمبر شمار	مصنف	کتاب کا نام	ناشر	مقام اشاعت	سن اشاعت
۱	رام بابو سکسینہ	تاریخ ادب اردو	ایجوکیشنل بک ہاؤس	علی گڑھ	2000ء
۲	قاضی مشتاق احمد	اردو شاعری آج، کل اور ہمیشہ	ایچ ایس آفس	دہلی	2002
۳	گوپی چند نارنگ	اردو غزل اور ہندوستانی ذہن وتہذیب	قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان	دہلی	2002ء
۴	قاضی مشتاق احمد	اردو شاعری میر سے پروین شاکر تک	مکتبہ گولا مارکیٹ، دریا گنج	دہلی	2002
۵	معاذ حسن	اردو شاعری کے ٹاپ ٹین	فرید بک ڈپو	دہلی	2003ء
۶	عبادت بریلوی	جدید شاعری	ایجوکیشنل بک ہاؤس	علی گڑھ	2005
۷	ڈاکٹر سرویشہ نسرین	رانا آرٹ ایک مطالعہ	مژگاں پبلی کیشنز	کولکاتا	2010
۸	رشید احمد صدیقی	جدید غزل	ایجوکیشنل بک ہاؤس	علی گڑھ	2010
۹	نوشاد مومن	تین شہروں کا چوتھا آدمی	مژگاں پبلی کیشنز	کولکاتا	2014
10	ڈاکٹر فرمان فتح پوری	اردو شاعری کا فنی ارتقا	ایجوکیشنل بک ہاؤس	دہلی	2014ء

15/04/2024